# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 29 December-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 29/دسمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ سابق وزیراعظم پدم وِبھوشن ڈاکٹرمنموہن سنگھ کی آخری رسومات پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا۔

☆ وزیراعظم نریندرمودی آج من کی بات پروگرام میں ملک کی عوام سے مخاطب ہونگے۔

☆ مساجوگ قتل کے معاملے میں بیڑ میں کل جماعتی مذمتی جلوس، واردات کافی الفورنوٹس نہ لئے جانے پرشدیدتحریک کاانتباہ۔

☆ دسواں اجنٹہ۔ایلورہ بین الاقوامی فلم فیسٹیول آئندہ 15 جنوری سے۔

☆ اس سال کاپدم پانی ایوارڈبزرگ ہدایت کارسائی پرانجپے کو۔

اور ☆ ڈاکٹرباباصاحب امبیڈکرمراٹھواڑہ یونیورسٹی کامرکزی یوتھ فیسٹیول اختتام پذیر۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

سابق وزیراعظم پدم وِبھوشن ڈاکٹرمنموہن سنگھ کی آخری رسومات دہلی کےنگم بودھ گھاٹ پر پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ کل اداکردی گئی۔قبل ازیں ڈاکٹرمنموہن سنگھ کے جسدخاکی کوکل صبح ان کی رہائش گاہ سے کانگریس پارٹی کے صدر دفتر لایا گیا۔کانگریس صدر ملک ارجن کھرگے کےعلاوہ پارٹی کے سرکردہ قائدین،عہدیداروں اور بڑی تعداد میں کارکنوں وشہریوں نے ڈاکٹرسنگھ کا آخری دیدارکیا۔جس کے بعد پھولوں سے سجائی گئی فوجی گاڑی پرڈاکٹر سنگھ کے جسدخاکی کونگم بودھ گھاٹ پہنچایا گیا۔جہاں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو،بھوٹان کے راجہ جگمے کھیرنام گیال وانگچوک،نائب صدرجگدیپ دھنکڑ،وزیر اعظم نریندرمودی،لوک سبھا اسپیکراوم برلا،لوک سبھا میں قائدحزب اختلاف راہل گاندھی،مرکزی وزیرداخلہ امیت شاہ،وزیردفاع راجناتھ سنگھ،کانگریس صدرملک ارجن کھرگے،کانگریس کی سینئرقائدسونیا گاندھی،دہلی کی وزیراعلیٰ آتشی سمیت دیگر رہنماؤں نے ڈاکٹرسنگھ کرخراج عقیدت پیش کیا۔ڈاکٹرسنگھ کے تابوت پرلپٹا ہواترنگاان کے افرادخاندان کے حوالے کیا گیا۔جس کے بعدسکھ مذہب کی روایات کے مطابق دعاؤں کااہتمام کرکے ان کی آخری رسومات اداکی گئی۔اس موقع پرفوج کی جانب سے ماتمی دھن بجائی گئی اور ہوامیں فائرنگ کرکے گارڈ آف آنر بھی دیا گیا۔

مرکزی وزیرداخلہ امیت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت ڈاکٹرمنموہن سنگھ کی مناسب یادگارتعمیرکرنے کیلئے حکومت اراضی فراہم کرے گی۔اس خصوص میں کانگریس کےصدرملک ارجن کھرگے نے حکومت کےاجلاس کےفوری بعدامیت شاہ نے ڈاکٹرسنگھ کے اہل خانہ سے رابطہ کرکے انہیں یہ اطلاع دی۔

***** ***** *****

ممبئی میں پردیش کانگریس کے صدر دفتر ڈاکٹر منموہن سنگھ کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ پارٹی کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے اس موقع پر ڈاکٹر سنگھ کے کارہائے نمایاں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ منموہن سنگھ نے اپنی ذہانت کی بنیاد پر قومی معیشت کی سمت متعین کی اور ملک کو معاشی استحکام بخشنے کا کام کیا جسے کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ پٹولے نے مزید کہا کہ بطور وزیر اعظم اپنے دس سالہ دور میں ڈاکٹر سنگھ نے ملک کو من ریگا، تعلیم کا حق، تحفظ اغذیہ، قانون اور معلومات کا حق دیگر شہری کے حقوق کا تحفظ کیا۔

***** ***** *****

وزیر اعظم نریندر مودی آج صبح 11 بجے آکاشوانی پر من کی بات پروگرام کے ذریعے عوام سے بات چیت کریں گے۔ یہ اس سلسلے کا ایک سو 17 واں پروگرام ہے۔ اسے آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام چینلز پر نشر کیا جائیگا۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہے۔

***** ***** *****

ونچت بہوجن آگھاڑی کے قومی صدر ایڈوکیٹ پرکاش امبیڈکر نے کل وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس سے ملاقات کر کے پربھنی پر تشدد واقعات کے سلسلے میں اپنے مطالبات رکھے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پربھنی واقع میں ہلاک ہونے والے سومناتھ سوریہ ونشی کے اہل خانہ کو ایک کروڑ روپئے معاوضہ ادا کیا جائے گا اور ان کے خاندان کے ایک شخص کو سرکاری ملازمت دی جائے۔

دریں اثناء یکم جنوری کو مجوزہ بھیما کورے گاؤں تقریب کے حوالے سے معاشرے میں گمراہ کن بیانیہ پھیلانے کے خدشے کے پیش نظر پولس کو اس سے نمٹنے کیلئے ہدایات جاری کرنے کا مطالبہ بھی امبیڈکر نے کیا۔

***** ***** *****

مساجوگ قتل کے معاملے کو فی الفور حل نہ کرنے کی صورت میں شدید تحریک چلانے کا انتباہ کل جماعتی جلوس میں دیا گیا۔ مساجوگ کے سرپنچ سنتوش دیشمکھ کے قتل کی مذمت میں کل بیڑ میں ایک کل جماعتی کل مذہبی خاموش جلوس نکالا گیا۔ یہ جلوس ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر کے قدآدم مجسمے سے شروع ہوکر ضلع کلکٹر دفتر پہنچا۔ جہاں اسے ایک جلسے میں تبدیل کردیا گیا۔ اس موقع پر بیڑ کے رکن پارلیمان بجرنگ سونونے، رکن اسمبلی سریش دھس، رکن اسمبلی پرکاش سوڑنکے، رکن اسمبلی سندیپ شیرساگر، رکن اسمبلی جتندرآوہاڑ، چھترپتی سمبھاجی راجے، مراٹھا ریزرویشن رہنما منوج جرانگے پاٹل، سابق رکن اسمبلی سید سلیم، مختلف جماعتوں کے کارکن اور مقتول سنتوش دیشمکھ کی صاحبزادی ویبھوی اور لڑکا ویراج سمیت ان کے افراد خاندان اسٹیج پر موجود تھے۔

اس موقع پر آنجہانی سنتوش دیشمکھ کی صاحبزادی ویبھوی نے اپنے جذباتی خطاب میں ان کے والد کو انصاف دیئے جانے کا مطالبہ اور حاضرین سے اس سلسلے میں متحد ہوکر ان کا ساتھ دینے کی درخواست کی۔

***** ***** *****

اداکارہ پراجکتا مالی نے الزام عائد کیا ہے کہ رکن اسمبلی سریش دھس نے اپنے ذاتی مفاد کیلئے خواتین فنکاروں پر غیر مہذب اور اشتعال انگیز بیان دیئے ہیں۔ سریش دھس کے حالیہ قابل اعتراض بیان کے سلسلے میں خواتین کمیشن میں شکایت درج کروانے کے بعد وہ کل اخباری نمائندوں سے گفتگو کررہی تھیں۔ پراجکتا مالی نے کہا کہ دھس کا بیان نہایت ہی قابل مذمت غیر مہذب اور افسوسناک ہے۔ اور تلقین کی کہ سیاسی مفادات کے لئے اداکاروں کے ناموں کا استعمال کرنے سے گریز کیا جائے۔ اس موقع پر انہوں نے ذرائع ابلاغ کو بھی تحمل سے کام لینے کی ترغیب دی۔

***** ***** *****

دسواں اجنٹہ ایلورہ بین الاقوامی فلم فیسٹیول آئندہ 15 تا 19 جنوری کے دوران چھترپتی سمبھا جی نگر میں منعقد ہوگا۔ فلمی برادری میں گرانقدر شراکت وتعاون کیلئے دیا جانے والا پدم پانی لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ اس برس بزرگ فلمی اداکارہ، مصنفہ، رائٹر پروڈیوسر اور ڈرامہ نگار پدم بھوشن سئی پرانجپے کو دیا جائیگا۔ یہ ایوارڈ شیلڈ، سپاسنامے اور دو لاکھ روپئے پر مشتمل ہے۔ کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں منعقدہ ایک اخباری کانفرنس میں یہ اعلان کیا گیا۔ فیسٹیول کے افتتاحی پروگرام میں سئی پرانجپے کو یہ ایوارڈ تفویض کیا جائیگا۔ 15 جنوری کو شام ٦ بجے چھترپتی سمبھا جی نگر میں مہاتما گاندھی مشن یونیورسٹی رکمنی آڈیٹوریم میں یہ افتتاحی پروگرام ہوگا اور پروزون کے آئناکس سنیما گھر میں آئندہ ۵ دن یہ فیسٹیول جاری رہیگا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر میں ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کا مرکزی یوتھ فیسٹیول کل اختتام پذیر رہا۔ وائس چانسلر ڈاکٹر وجے پھلاری کی زیر صدارت اختتامی پروگرام میں اداکار سمیر چوگلے اور شیام راجپوت سمیت کئی اہم شخصیات نے شرکت کیں۔ چار دن چلے اس یوتھ فیسٹیول میں 295 کالجوں کے ایک ہزار 880 طلباء نے 36 زمروں میں اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ بہترین کارکردگی پر طلباء کو اہم شخصیات کے ہاتھوں انعامات دیئے گئے۔

***** ***** *****

یونیورسٹی کی ٹیم نے للت کلا گروپ کے ۷ مقابلوں میں پہلا مقام حاصل کر کے ٹیم چمپئن شپ اور پروفیسر دلیپ بڑے کپ جیت لیا۔ دھاراشیو کی ٹیم نے ۸ انعامات کے ساتھ جگناتھ ناڑاپوڑے کپ حاصل کیا۔ بیڑ کے بل بھیم کالج کی ٹیم نے واڈ شئے شعبے میں بہترین ٹیم کا اعزاز حاصل کیا۔ جبکہ چھترپتی سمبھا جی نگر کے دیوگیری کالج کو ڈاکٹر سنجے نولے لوک کلا ٹرافی دی گئی۔

***** ***** *****

اڑیسہ کے راؤرکیلا میں ہاکی انڈیا لیگ کا کل سے آغاز ہوا۔ افتتاحی میچ میں دہلی کی ایس جی پائپرس ٹیم نے گوناسیکا ٹیم کو شوٹ آؤٹ میں 2,4 سے شکست دی۔

***** ***** *****

بارڈر گاوسکر کرکٹ ٹیسٹ سیریز کے ملبورن میں جاری چوتھے ٹیسٹ میچ کے چوتھے دن بھارت کی پہلی اننگ 369 رنوں پر ختم ہوئی۔ بھارت کی جانب سے نتیش کمار ریڈی نے 114، یشسوی جیسوال نے 82 اور واشنگٹن سندر نے 50 رن بنائے۔ اس طرح آسٹریلیاء نے پہلی اننگ کی بنیاد پر 105 رنوں کی برتری حاصل کی۔ جبکہ دوسری اننگ میں آخری اطلاعات ملنے تک آسٹریلیاء نے 6 وکٹ کے نقصان پر 102 رن بنالئے ہیں۔ اس طرح مجموعی طور پر آسٹریلیاء کو 207 رنوں کی برتری حاصل ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر میں پولس نے کاروائی کر کے 13 لاکھ سے زائد مالیت کا غیر قانونی گٹکا ضبط کرلیا۔ اس سلسلے میں چھترپتی سمبھا جی نگر کے تین اور جالنہ کے ایک ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ سابق وزیر اعظم پدم وبھوشن ڈاکٹر منموہن سنگھ کی آخری رسومات پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج من کی بات پروگرام میں ملک کی عوام سے مخاطب ہونگے۔

☆ مساجوگ قتل کے معاملے میں بیڑ میں کل جماعتی مذمتی جلوس، واردات کا فی الفور نوٹس نہ لئے جانے پر شدید تحریک کا انتباہ۔

☆ دسواں اجنٹہ۔ایلورہ بین الاقوامی فلم فیسٹیول آئندہ 15 جنوری سے۔

☆ اس سال کا پدم پانی ایوارڈ بزرگ ہدایت کار سائی پرانجپے کو۔

اور ☆ ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کا مرکزی یوتھ فیسٹیول اختتام پذیر۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****